# The Absolute Reality

www.quran4u.com

| Noble Quran | الْقُرْآنُ الْحَكِيمُ |
|---|---|
| Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) | (حضرت شاہ عبدِ القادر) اردو ترجمہ بمعہ عربی |

## سورۃ الرَّحْمٰن

### بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

| | |
|---|---|
| الرَّحْمَٰنُ<br>رحمٰن نے | .1 |
| عَلَّمَ الْقُرْآنَ<br>سکھایا قرآن، | .2 |
| خَلَقَ الْإِنْسَانَ<br>بنایا (پیدا کیا) آدمی، | .3 |
| عَلَّمَهُ الْبَيَانَ<br>پھر سکھائی اس کو بات (بولنا)، | .4 |
| الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ<br>سورج اور چاند (پابند ہیں) کو ایک حساب ہے۔ | .5 |

| | | |
|---|---|---|
| .6 | وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ<br>اور جھاڑ (جھاڑیاں) اور درخت لگے ہیں سجدے میں۔ |
| .7 | وَالسَّمَاءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيزَانَ<br>اور آسمان کو اُونچا کیا اور رکھی ترازو (توازن قائم کیا)، |
| .8 | أَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ<br>کہ مت زیادتی کرو ترازو (عدل وانصاف) میں۔ |
| .9 | وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ<br>اور سیدھی ترازو تولو انصاف سے اور مت گھٹاؤ تول۔ |
| .10 | وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ<br>اور زمین کو رکھا واسطے خلق (مخلوق) کے، |
| .11 | فِيهَا فَاكِهَةٌ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ<br>اس میں میوہ (لذیذ پھل) ہے اور کھجوریں، جن کے میوہ پر غلاف، |
| .12 | وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ<br>اور اناج جس کے ساتھ بھس ہے اور پھول خوشبو۔ |
| .13 | فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے تم دونوں (جن اور انسان)؟ |

| | |
|---|---|
| خَلَقَ الْإِنسَانَ مِن صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ<br>بنایا آدمی کھنکھناتی مٹی سے جیسے ٹھیکرا، | .14 |
| وَخَلَقَ الْجَانَّ مِن مَّارِجٍ مِّن نَّارٍ<br>اور بنایا جان (جن کو) آگ کی ڈیگ (شعلے) سے۔ | .15 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .16 |
| رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ<br>مالک دو مشرقوں کا اور مالک دو مغرب کا۔ | .17 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .18 |
| مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ<br>چلائے دو دریا بھڑ چلتے (آپس میں ٹکراتے)۔ | .19 |
| بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ<br>(حائل) ان میں ہے ایک پردہ، زیادتی نہیں کرتے۔ | .20 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .21 |

| | | |
|---|---|---|
| يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ<br>نکلتا ہے اُن سے موتی اور مونگا۔ | .22 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .23 |
| وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَآتُ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ<br>اور اسی کے ہیں جہاز اُونچے کھرے دریا میں جیسے پہاڑ۔ | .24 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .25 |
| كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ<br>جو کوئی ہے زمین پر نبڑنے (فنا ہونے) والا ہے، | .26 |
| وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ<br>اور رہے گا (باقی) منہ (ذات) تیرے رب کا، بزرگی اور تعظیم والا۔ | .27 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .28 |
| يَسْأَلُهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ<br>اس سے مانگتے ہیں جو کوئی ہیں آسمانوں میں اور زمین میں۔ | .29 |

| | |
|---|---|
| كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ<br>ہر دن اس کو ایک دھندا (کام) ہے۔ | |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .30 |
| سَنَفْرُغُ لَكُمْ أَيُّهَ الثَّقَلَانِ<br>ہم فارغ ہوتے ہیں تمہاری طرف (احتساب کے لئے)، اے بوجھل قافلو (زمین کے بوجھو)۔ | .31 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .32 |
| يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ<br>اے فرقے (گروہ) جِنّوں اور انسانوں کے!<br>إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَنْفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ فَانْفُذُوا ۚ<br>اگر تم سے ہو سکے کہ نکل بھاگو آسمان اور زمین کے کناروں سے، تو نکل بھاگو۔<br>لَا تَنْفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ<br>نہیں نکل سکنے کے بن سند (بغیر زور)۔ | .33 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .34 |

| | | |
|---|---|---|
| يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِنْ نَارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ<br>چھوٹتے ہیں تم پر شعلے آگ کے صاف اور دھواں ملے، پھر تم بدلہ نہیں لے سکتے۔ | .35 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .36 |
| فَإِذَا انْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ<br>پھر جب پھٹ جائے آسمان، تو ہو جائے گلابی، جیسے تیل کی تلچھٹ۔ | .37 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .38 |
| فَيَوْمَئِذٍ لَا يُسْأَلُ عَنْ ذَنْبِهِ إِنْسٌ وَلَا جَانٌّ<br>پھر اس دن پوچھ نہیں اس کے گناہ کی کسی آدمی سے نہ جِنّ سے۔ | .39 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .40 |
| يُعْرَفُ الْمُجْرِمُونَ بِسِيمَاهُمْ<br>پہچانے پڑیں گے گناہگار اپنے چہرے سے،<br>فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِي وَالْأَقْدَامِ<br>پھر پکڑا جائے گا ماتھے (پیشانی کے) بال سے اور پاؤں سے۔ | .41 |

| | |
|---|---|
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے ؟ | .42 |
| هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُونَ<br>(کہا جائے گا) یہ دوزخ ہے جس کو جھوٹ بتاتے (تھے) گناہگار، | .43 |
| يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ<br>پھرتے (چکر لگاتے رہیں گے) ہیں بیچ اس کے، اور کھولتے پانی کے۔ | .44 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے ؟ | .45 |
| وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ<br>اور جو کوئی ڈرا کھڑے ہونے سے اپنے رب کے آگے، اس کو ہیں دو باغ (جنتیں)۔ | .46 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے ؟ | .47 |
| ذَوَاتَا أَفْنَانٍ<br>جن میں بہت سی ٹہنیاں (ڈالیاں)۔ | .48 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے ؟ | .49 |

| | |
|---|---|
| 50. | فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ<br>ان میں دو چشمے بہتے۔ |
| 51. | فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ |
| 52. | فِيهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ<br>ان میں ہر میوے کی قِسم قِسم۔ |
| 53. | فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ |
| 54. | مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ فُرُشٍ بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ ۚ<br>لگے بیٹھے بچھونوں پر، جن کے استر تافتہ (ریشم) کے۔<br>وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ<br>اور میوہ ان باغوں کا جھک رہا۔ |
| 55. | فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ |
| 56. | فِيهِنَّ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ<br>اُن میں عورتیں ہیں نیچی نگاہ والیاں، نہیں بیاہا ان کو کسی آدمی نے ان سے پہلے، اور نہ کسی جِنّ نے۔ |

| | |
|---|---|
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .57 |
| كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ<br>وہ کیسی جیسے لعل اور مونگا۔ | .58 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .59 |
| هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ<br>اور کیابدلہ ہے نیکی کا مگر نیکی (اعلیٰ درجے کی جزا)۔ | .60 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .61 |
| وَمِنْ دُونِهِمَا جَنَّتَانِ<br>اور ان دو باغ کے سوا اور دو باغ۔ | .62 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے؟ | .63 |
| مُدْهَامَّتَانِ<br>گہرے سبز جیسے سیاہ۔ | .64 |

| | |
|---|---|
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے ؟ | .65 |
| فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ<br>ان میں دو چشمے ہیں ابلتے۔ | .66 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے ؟ | .67 |
| فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ<br>ان میں میوہ اور کھجوریں اور انار۔ | .68 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے ؟ | .69 |
| فِيهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ<br>سب باغوں میں نیک عورتیں ہیں خوبصورت۔ | .70 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے ؟ | .71 |
| حُورٌ مَقْصُورَاتٌ فِي الْخِيَامِ<br>گوریاں رُکی رہتیاں (ٹھہرائی ہوئی) خیموں میں۔ | .72 |

| | |
|---|---|
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے ؟ | .73 |
| لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ<br>نہیں بیاہا ان کو کسی آدمی نے اُن سے پہلے ، نہ کسی جِنّ نے۔ | .74 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے ؟ | .75 |
| مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ<br>لگے بیٹھے سبز چاندنیوں (قالینوں) پر اور چھاپے کی خوش طرح (نادر)۔ | .76 |
| فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ<br>پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے ؟ | .77 |
| تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ<br>بڑی برکت ہے نام کو تیرے رب کے جو بزرگی رکھتا ہے تعظیم والا۔<br>********* | .78 |

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**